AQF / Shabbir

06-04-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ بیگم

پہلے اِس وقت کی خاص خبریں

---

1. لوک سبھا انتخابات کیلئے چناؤ مہم میں مزید تیزی آ گئی ہے۔ بڑی سیاسی پارٹیوں کے ممتاز رہنما، ملک کے مختلف حصوں میں عوامی جلسے اور روڈ شو منعقد کر رہے ہیں۔
2. سینئر بی جے پی رہنما اور وزیراعظم نریندر مودی آج، سہارنپور اور اجمیر میں ریلیوں سے خطاب کریں گے اور غازی آباد میں ایک روڈ شو منعقد کریں گے۔ کانگریس بھی جے پور میں ایک ریلی کا اہتمام کرے گی۔
3. جموں وکشمیر کے اُڑی سیکٹر میں لائن آف کنٹرول پر دو دہشت گرد ہلاک کئے گئے، جبکہ فوج نے دراندازی کی ایک کوشش کو ناکام بنایا ہے۔
4. موسمیات کے دفتر نے بھارت کے مشرقی اور جزیرہ نما علاقوں میں کل تک کیلئے شدید گرمی کی پیشگوئی کی ہے۔
5. اور IPL کرکٹ میں: حیدرآباد میں، سنرائزرز حیدرآباد نے چنئی سُپر کنگس کو 6 وکٹ سے ہرایا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

RAJASTHAN-PM RAILLY

لوک سبھا انتخابات کیلئے چناؤ مہم میں تیزی آ گئی ہے اور ملک کے مختلف علاقوں میں بڑی سیاسی پارٹیوں کے ممتاز رہنما عوامی جلسوں اور روڈ شوز کا انعقاد کر رہے ہیں۔ سینئر BJP رہنما اور وزیراعظم نریندر مودی آج صبح اترپردیش میں سہارنپور میں عوامی ریلیوں سے خطاب کریں گے۔ اس کے بعد وہ راجستھان کے شہر اجمیر میں ایک چناؤ ریلی سے خطاب کریں گے اور شام کو وہ اترپردیش کے غازی آباد ضلع میں ایک روڈ شو کا انعقاد کریں گے۔

جے پور کے ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ راجستھان میں آج اجمیر اور پُشکر کے بی جے پی امیدواروں کی حمایت میں وزیراعظم کی یہ ریلی، ریاست میں لوک سبھا انتخابات کیلئے تیسرا عوامی اجتماع ہے۔

دوسری طرف کانگریس اپنے منشور کے بارے میں آج جے پور میں ایک بڑا عوامی جلسہ منعقد کر رہی ہے۔ کانگریس کے قومی صدر ملکارجن کھڑگے اور سینئر پارٹی رہنما سونیا گاندھی اور راہل گاندھی بھی عوامی جلسے سے خطاب کریں گے۔ کانگریس نے اس عوامی جلسے کو کامیاب بنانے کیلئے وسیع پیمانے پر تیاریاں کی ہیں۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Jitendra**

*BJP، کانگریس، دیگر پارٹیوں اور آزاد امیدواروں نے، ریاست میں انتخابی مہم کیلئے خود وقف کیا ہوا ہے۔ کانگریس اور BJP کے سرکردہ رہنما انتخابی مہم میں پیش پیش ہیں۔ ان کے علاوہ ریاستی سطح کے رہنما بھی اپنے اپنے پارٹی امیدواروں کے حق میں چناؤ مہم میں مصروف ہیں۔ مختلف جگہوں پر انتخابی ریلیاں اور روڈ شو منعقد کئے جارہے ہیں۔ اسی دوران ریاست میں دوسرے مرحلے کیلئے داخل کئے گئے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کا کام مکمل ہوگیا ہے۔ ریاست کے 13 لوک سبھا حلقوں کے، 191 امیدواروں کے پرچے صحیح پائے گئے ہیں، جبکہ 25 نامزدگی پرچوں کو مسترد کردیا ہے۔*

*جے پور سے جتیندر دیویدی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......*

بھوپال کے ہمارے نامہ نگار نے بتایا ہے کہ مدھیہ پردیش میں آج BJP، کانگریس اور سماج وادی پارٹی کے، لوک سبھا چناؤ مہم کے طور پر مختلف پروگرام ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ **V-C Sanjeev Sharma**

*BJP کے سینئر لیڈر راجناتھ سنگھ آج مدھیہ پردیش کے سِنگرولی اور سِدھی میں عوامی جلسوں سے خطاب کریں گے۔ اسی وقت اپنے یومِ تاسیس کے موقع پر BJP ، 65 ہزار سے زیادہ مراکز پر مختلف پروگراموں کا انقاد کرے گی۔ اس دوران آج بھوپال میں کانگریس نے مشترکہ انتخابی مہم کی حکمتِ عملی طے کرنے کے لیے اتحاد میں شامل پارٹیوں کی ایک میٹنگ بلائی ہے۔ میٹنگ کے بعد کانگریس کے ریاستی صدر جیتو پٹواری اندور اور Mhow میں انتخابی مہم کریں گے۔ دوسری طرف سماجوادی پارٹی نے کھجوراہو سے اپنی پارٹی امیدوار میرا یادو کی نامزدگی مسترد کیے جانے کے بعد ریٹرننگ آفیسر کے خلاف انتخابی کمیشن سے شکایت کی۔ سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں..*

**KOZIKODE JP NADDA**

BJP کے قومی صدر جے پی نڈا آج عام انتخابات میں NDA امیدواروں کیلئے چناؤ مہم کے تحت کوزی کوڈ پہنچیں گے۔ وہ آج شام شہر میں ایک روڈ شو کا اہتمام کریں گے۔ یہ روڈ شو Ariyidathupalam سے Muthalakkulam میں منعقد کیا جائے گا۔×

## CONGRESS ECE

کانگریس مرکزی انتخابی کمیشن نے کل شام نئی دلی میں پارٹی صدر دفتر میں لوک سبھا انتخابات سے متعلق ایک میٹنگ کا انعقاد کیا۔ پارٹی صدر ملک ارجن کھڑکے، کانگریس پارلیمانی پارٹی کی صدرنشیں سونیا گاندھی اور پارٹی جنرل سکریٹری KC Venugopal۔ نیز ہریانہ کے سینئر پارٹی لیڈروں نے اس میٹنگ میں شرکت کی۔

## SCRUTINY OF NOMINATIONS

دوسرے مرحلے کے لوک سبھا انتخابات کیلئے داخل کے گئے کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کا کام کُل پورا ہوگیا۔ نامزدگی واپس لینے کی آخری تاریخ 8 اپریل ہے۔ اس مرحلے کے تحت، اس ماہ کی 26 تاریخ کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔ کیرالہ میں کاغذات کی جانچ پڑتال کے بعد 204 امیدواروں کی نامزدگیاں صحیح پائی گئی ہیں، جبکہ 86 امیدواروں کے کاغذات نامزدگی مسترد کردیئے گئے ہیں۔ ریاست کے اعلیٰ انتخابی افسر سنجے کول نے بتایا کہ حتمی فہرست پیر کو، نامزدگی واپس لینے کے آخری دن کے بعد دستیاب ہوجائے گی۔

بہار میں پارلیمانی انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے 86 کاغذات نامزدگی میں سے 55 کو صحیح پایا گیا۔ یہاں کشن گنج، پورنیا، کٹیہار، بھاگلپور اور بانکا لوک سبھا حلقوں کیلئے چناؤ کرائے جائیں گے۔ کٹیہار پارلیمانی حلقے سے 20 کاغذات نامزدگی میں سے 10 کو مسترد کردیا گیا ہے۔ بانکا میں 9، اور بھاگلپور میں 8 کاغذات مسترد کئے گئے ہیں۔ پورنیا میں 11 میں سے 7 کاغذات نامزدگی جائز پائے گئے ہیں۔ کشن گنج میں سبھی 15 امیدواروں کے کاغذات نامزدگی صحیح پائے گئے۔

مدھیہ پردیش میں 7 سیٹوں پر دوسرے مرحلے کے تحت کرائی جانے والی ووٹنگ کیلئے، کاغذات نامزدگی کی جانچ پڑتال کے بعد 93 نامزدگیاں صحیح پائی گئیں۔ جانچ پڑتال کے دوران 16 کاغذات نامزدگی مسترد کئے گئے ہیں۔×

## MANIPUR ELECTION

منی پور میں انتخابی کمیشن نے پچھلے سال مئی میں نسلی تشدد کے بعد اندرونِ ریاست بے گھر ہوئے وہ افراد جو مختلف راحت کیمپوں میں پناہ لیے ہوئے ہیں، انھیں ووٹ ڈالنے کی سہولت فراہم کرنے کی غرض سے ریاست کے مختلف مقامات پر 94 خصوصی پولنگ مراکز قائم کرنے کی فیصلہ کیا ہے۔

پہلے مرحلے کی پولنگ کے لیے انتخابی کمیشن نے دو پہاڑی ضلعوں چراچاند پور اور کانگ پو کی پی سمیت 7ضلعوں میں پھیلے 85 خصوصی پولنگ مراکز قائم کرے کا فیصلہ کیا ہے۔ جبکہ اندرونِ ریاست بے گھر افراد وادی کے ضلعے Jiribam سمیت تین ضلعوں میں قائم کئے جانے والے 9 خصوصی پولنگ مراکز میں اپنے ووٹ ڈالیں گے۔

راحت کیمپوں میں رہ رہے افراد کے لیے انتخابی حکام پہلے ہی 17 ہزار 400 شناختی فارم تقسیم کر چکے ہیں، تا کہ

پولنگ کے دن یہ افراد بلا روکاوٹ اپنے حقِ رائے کا استعمال کر سکیں۔ اب تک 9 ہزار 900 سے زائد فارم پولنگ افسران کے پاس جمع کرائے جا چکے ہیں۔

## MHARASHTRA BOOTHS

لوک سبھا انتخابات میں خواتین ووٹروں کا فیصد بڑھانے کی غرض سے سبھی پارلیمانی حلقوں میں خواتین کے لیے علیحدہ سے ایک پولنگ مرکز قائم کیا جائے گا۔ مہاراشٹر میں 440 ایسے پولنگ مراکز کا مکمل انتظام خواتین کے ذریعہ کیا جائے گا۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V/C Shailaza Tiwale

*مہاراشٹر کے تھانے ضلع میں سب سے زیادہ 36 پولنگ مراکز کا خواتین کے ذریعے انتظام سنبھالا جائے گا۔ اس کے بعد جل گاؤں میں 33 جبکہ ناسک اور رتناگری میں سے ہر ایک میں 30 اور ممبئی کے مضافاتی علاقے میں 26 ایسے پولنگ مراکز قائم کیے جائیں گے۔ واشم، سندھو دُرگ اور گڑچرولی ضلعوں میں سے ہر ایک میں تین ایسے پولنگ مراکز قائم کیے جائیں گے۔ ان پولنگ مراکز میں پولیس سمیت تمام عملہ خواتین پر مشتمل ہوگا۔ انتخابی کمیشن نے ہدایت دی ہے کہ ان مراکز کو کسی خاص رنگوں سے منسوب نہیں کیا جانا چاہیے۔ اس کے علاوہ انتخابی کمیشن نے کسی بھی سیاسی پارٹی سے وابستہ رنگوں کا استعمال کرنے کے خلاف ہدایت جاری کی ہے۔ خواتین کی سیکیورٹی کو یقینی بنانے کے لیے ان مرکز کا بہت احتیاط کے ساتھ انتخاب کیا گیا ہے۔ ان مراکز کا رابطہ تحصیل دفاتر، پولیس تھانوں اور انتخابی اداروں سے منسلک ہوگا۔*

*ممبئی سے شلیجہ تِوالے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .......*

## ASSAM STATE PROFILE

ڈبرو گڑھ لوک سبھا حلقہ آسام کے اُن 14 لوک سبھا حلقوں میں سے ایک ہے، جس میں اسمبلی کے 10 حلقے ہیں۔ ڈبروگڑھ حلقے میں 19 اپریل کو ووٹ ڈالے جائیں گے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ V-C Aminul

*ڈبروگڑھ لوک سبھا حلقہ 10 اسمبلی سیٹوں پر مشتمل ہے۔ اس حلقے میں پہلے مرحلے کے تحت 19 اپریل کو ووٹنگ ہوگی۔ اس پارلیمانی حلقے میں تین امیدوار ہیں۔ BJP نے موجودہ ممبر پارلیمنٹ اور پٹیرولیم وقدرتی گیس کے وزیر مملکت رمیشور تیلی کی جگہ، بندرگاہوں، جہاز رانی، آبی گزر گاہوں اور آیوش کے مرکزی وزیر سربانند سونووال کو نامزد کیا ہے۔ جناب سونووال راجیہ سبھا کے رکن اور سابق*

*وزیرِاعلیٰ ہیں۔ ریاست میں آسام گن پریشد اور یونائیٹڈ پیپلز پارٹی لیبرز، **BJP** کی اتحادی ہیں۔ آل آسام اسٹوڈینٹ یونین کے سابق صدر اور آسام جاتیہ پریشد پارٹی کے سربراہ لورین جیوتی گگوئی اور انڈین نیشنل کانگریس کی قیادت والے یونائیٹڈ اپوزیشن فرنٹ آسام کی طرف سے امیدوار بھی اس حلقے سے چناؤ لڑ رہے ہیں۔ کمیونسٹ پارٹی آف انڈیا مارکسس نے انہیں بلاشرط حمایت دی ہے۔ منوج دھنووَر، عام آدمی پارٹی کے امیدوار ہیں اور وہ ُچائے برادری کی نمائندگی کر رہے ہیں۔ ڈبروگڑھ پارلیمانی حلقے میں کُل **16** لاکھ **50** ہزار **706** رائے دہندگان ہیں، جن میں سے **8** لاکھ **6** ہزار **935** مرد، **8** لاکھ **43** ہزار **771** خواتین اور **33** افرادِ مخنث ہیں۔*

*گوہاٹی سے امین الحق کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......*

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**J&K TERRORISTS**

مرکز کے زیرِ انتظام علاقے جموں وکشمیر میں حفاظتی دستوں نے کُل دہشت گردوں کی طرف سے کی گئی دراندازی کی ایک کوشش کو ناکام بنادیا۔ اس کارروائی میں دو درانداز ہلاک کئے گئے۔ یہ کارروائی شمالی کشمیر میں بارہ مولہ کے اُڑی سیکٹر میں لائن آف کنٹرول کے پاس، سبورا نالہ پر کی گئی۔

چنار کور میں ایک افسر کے مطابق ان دہشت گردوں نے **LOC** کے، بھارت کی جانب داخل ہونے کی کوشش کی، جس کی وجہ سے فوج کی **JAK RIF** کے ساتھ آمنے سامنے کی فائرنگ ہوئی۔ البتہ فوج نے مؤثر طور پر اس کا جواب دیا اور دو دہشت گردوں کو ہلاک کردیا۔ تصادم کے بعد علاقے میں ایک بھرپور تلاشی کارروائی کی گئی، جس کے دوران بڑی مقدار میں ہتھیار اور گولہ بارود برآمد کئے گئے۔ ضبط کئے گئے ہتھیاروں میں دو اے کے طرز کی رائفلز، چار گرینڈز اور دیگر گولہ بارود بھی شامل ہے۔ افسران نے مزید بتایا کہ دراندازی کی اس طرح کی کوششیں اکثر خاص موسم میں کی جاتی ہیں، جنہیں عمومی نہیں قرار دیا جاسکتا۔ اس کوشش کو حفاظتی دستوں نے ایسے وقت میں ناکام بنایا ہے، جب وہ آئندہ لوک سبھا انتخابات سے پہلے انتہائی چوکسی برت رہی ہے۔×

**DELHI COURT KAVITHA**

دلّی ہائیکورٹ نے، دلّی ایکسائز پالیسی کے مبینہ گھپلے سے تعلق رکھنے والے ناجائز طور پر رقم وصول کرنے کے معاملے

میں تہاڑ جیل میں بند، بی آر ایس لیڈر کے کویتھا سے پوچھ تاچھ کرنے اور اُن کا بیان ریکارڈ کرنے کیلئے مرکزی تحقیقاتی بیورو، CBI کو اجازت دے دی ہے۔ یہ فیصلہ CBI کے ذریعے دائر کردہ اُس عذرداری پر دیا گیا جس میں اُس نے کویتھا سے تحقیقات کرنے کیلئے عدالت کی اجازت کی درخواست کی تھی۔ اُنھیں ایکسائز پالیسی معاملے کے سلسلے میں 15 مارچ کو انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کے ذریعے گرفتار کیا گیا تھا اور وہ اِس وقت تہاڑ جیل میں بند ہیں۔x

## ISRAEL-AID WORKERS

اسرائیلی فوج نے دو افسران کو برطرف کردیا ہے اور کچھ سینئر کمانڈروں کی باقاعدہ سرزنش کی ہے۔ یہ کارروائی اس ہفتے کے شروع میں غزہ میں کئے گئے ایک ہوائی حملے میں 7 امدادی کارکنوں کی ہلاکت کے سلسلے میں کی گئی ہے۔ یہ فیصلہ ایک تفتیش کے دوران شدید خامیاں اور ضابطے کی خلاف ورزیاں پائے جانے کے بعد کیا گیا ہے۔ اس تفتیش میں پایا گیا کہ پیر کی رات اسرائیلی فوجوں سے غلطی سے ایک ڈرون، 'ورلڈ سینٹرل کچن' امدادی گروپ کی گاڑیوں سے جا ٹکرایا۔ تفتیش میں کہا گیا ہے کہ یہ حملہ ایک شدید غلطی ہے، جو نشانے سے چوکنے کے سبب ایک بڑی ناکامی ہے۔

## US-ALERT

امریکہ میں، ایران کی طرف سے حملے کے خطرے کے پیش نظر زبردست چوکسی برتی جارہی ہے۔ یہ حملہ مغربی ایشیاء کے خطے میں اسرائیل یا امریکی اثاثوں کو نشانہ بنا کر اگلے ہفتے کیا جاسکتا ہے۔ یہ بات کُل ایک افسر نے بتائی ہے۔ یہ حملہ دمشق میں ایرانی سفارت خانے پر کئے گئے اسرائیلی حملے کے جواب میں کیا جاسکتا ہے۔ دمشق پر کئے گئے حملے میں ایران کا ایک سرکردہ کمانڈر ہلاک ہوگیا تھا۔ شام کی راجدھانی میں ایران کے سفارتی کمپاؤنڈ پر کئے گئے فضائی حملے میں ایران کی قُدس فوجوں کے ایک کمانڈر جنرل محمد رضا زاہدی ہلاک ہوگئے تھے۔x

## IMD WEATHER

بھارتی محکمۂ موسمیات نے ملک کے مشرقی حصوں اور جزیرہ نما میں آج اور کل کے لیے گرمی کی لہر کی پیش گوئی کی ہے۔ اوڈیشہ، مغربی بنگال، جھارکھنڈ، مہاراشٹر، کرناٹک، آندھرا پردیش، پڈوچیری اور تلنگانہ کے کچھ حصوں میں آج گرمی کی لہر جاری رہے گی۔ محکمۂ موسمیات نے مزید کہا ہے کہ ساحلی کرناٹک اور گوا میں کل تک اور کیرالہ، تمل ناڈو و پڈو چیری میں اس مہینے کی 9 تاریخ تک موسم گرم اور مرطوب رہے گا۔

اس دوران مشرقی اور شمال مشرقی بھارت میں آنے والے دنوں میں شدید بارش اور گرج چمک کے ہونے کا امکان ہے۔ موسمیات کے محکمے نے یہ بھی کہا ہے کہ آج جھارکھنڈ اور اوڈیشہ میں اوسط بارش اور گرج چمک کا سلسلہ جاری رہے گا اور

پچاس کلومیٹر فی گھنٹہ سے دھول بھری ہوائیں چلیں گی۔ شمالی بھارت میں جموں و کشمیر، لداخ، ہماچل پردیش اور اتراکھنڈ میں آئندہ 6 دنوں کے دوران ہلکی بارش اور برفباری ہوگی۔ البتہ ملک میں کل تک زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت میں کوئی نمایاں تبدیلی ہونے کا امکان نہیں ہے۔

**IPL-CRICKET**

IPL میں سنرائزر حیدرآباد نے چینئی سُپر کنگس کو 6 وکٹ سے ہرادیا ہے۔ یہ میچ کل رات حیدرآباد میں راجیوگاندھی بین الاقوامی اسٹیڈیم میں کھیلا گیا۔ سنرائزر حیدرآباد نے جیت کیلئے مقرر کئے گئے 166 رن کے نشانے کو حاصل کرنے کیلئے، یہ نشانہ 6 وکٹ اور 11 گیندیں رہتے ہوئے پورا کرلیا۔

آج راجستھان رائلز کا مقابلہ رائل چیلنجرز بینگلور سے ہوگا۔ یہ میچ جے پور میں شام ساڑھے سات بجے سے کھیلا جائیگا۔

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

**GONG**

**PRESS COMMENTS**

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... مجیب اختر

شکریہ -شبانہ بیگم

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے سبھی اخباروں نے ریپوریٹ کے چھ اعشاریہ پانچ فیصد پر برقرار رہنے کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ خبروں کے مطابق ریزرو بینک آف انڈیا نے اقتصادی سرگرمیوں میں جاری تیزی کا حوالہ دیتے ہوئے اور افراطِ زر پر گہری نظر رکھتے ہوئے مسلسل ساتویں بار ریپوریٹ میں کوئی تبدیلی نہیں کی ہے۔ اب یو پی آئی کے ذریعہ بھی بینک کھاتوں میں رقم جمع کی جاسکے گی۔ اس خبر کو روزنامہ ملاپ اور ہندوستان ایکسپریس نے خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔ یونیفائیڈ پیمنٹ انٹرفیس کی بڑھتی ہوئی مقبولیت کے پیش نظر RBI نے یہ سہولت فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔

روزنامہ راشٹریہ سہارا اور پرتاپ نے نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ کے ایک بیان کو اجاگر کیا ہے جس میں انھوں نے کہا کہ مساوات پر بھارت کو کسی تلقین کی ضرورت نہیں۔ لال بہادر شاستری نیشنل اکیڈمی آف ایڈمنسٹریشن میں 2023 کے IAS ٹرینی افسران سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے اس بات کا اظہارِ خیال کیا۔

راجستھان کے چورو میں وزیراعظم نریندر مودی کے ایک انتخابی جلسہ سے خطاب اور لوک سبھا انتخابات کے لیے کانگریس کا انتخابی منشور جاری ہونے سے متعلق خبروں کو بھی آج کے بیشتر اخبارات نے پہلے صفحہ پر جگہ دی ہے۔

جبکہ روزنامہ ہندوستان ایکسپریس نے عدالت کے ذریعے **CBI** کو جیل میں بند **BRS** کی لیڈر کے۔کویتا سے پوچھ تاچھ کی اجازت ملنے کی خبر کو اولیت دی ہے۔

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1. لوک سبھا انتخابات کیلئے چناؤ مہم میں مزید تیزی آ گئی ہے۔ بڑی سیاسی پارٹیوں کے ممتاز رہنما، ملک کے مختلف حصوں میں عوامی جلسے اور روڈ شو منعقد کر رہے ہیں۔
2. سینئر بی جے پی رہنما اور وزیراعظم نریندر مودی آج، سہارنپور اور اجمیر میں ریلیوں سے خطاب کریں گے اور غازی آباد میں ایک روڈ شو منعقد کریں گے۔ کانگریس بھی جے پور میں ایک ریلی کا اہتمام کرے گی۔
3. جموں وکشمیر کے اُڑی سیکٹر میں لائن آف کنٹرول پر دو دہشت گرد ہلاک کئے گئے، جیسا کہ فوج نے دراندازی کی ایک کوشش کو ناکام بنایا ہے۔
4. موسمیات کے دفتر نے بھارت کے مشرقی اور جزیرہ نما علاقوں میں کل تک کیلئے شدید گرمی کی پیشگوئی کی ہے۔
5. اور **IPL** کرکٹ میں: حیدرآباد میں، سنرائزر حیدرآباد نے چنئی سُپرکنگس کو **6** وکٹ سے ہرایا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

---------------------------------------